

# چیئرمین کا جائزہ

عزیز شیئر ہولڈرز

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مجھے آپ کی کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال مختتمہ 30 جون 2025 پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

اس سال بورڈ نے تازہ ترین وژن اور مشن اسٹیٹمنٹس، بنیادی کارپوریٹ اقدار اور نئے انداز کے ساتھ برانڈ کی شناخت کی منظوری دی۔ یہ ایک جامع تحقیق، بہتر پروسیس کے ذریعے تیار کیا گیا ہے اور اس کی مشق میں متعدد اسٹیک ہولڈرز کو شریک کیا گیا تا کہ ادارے اور ہماری مارکیٹس کے ساتھ ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

یہ اقدام ہمارے برانڈ کی شناخت کا ارتقاء ہے جس کے عناصر برانڈ کی مضبوط شناخت پیش کرتے ہیں، جیسے ہمارا نام، جو برانڈ کی مضبوط تر عکاسی کرتا ہے اور مستقبل کیلئے کمپنی کی پوزیشن اور تعلق کو بلند تر کرتا ہے۔

تجدید شدہ وژن، مشن، اقدار اور برانڈ کی شناخت، سب مل کر کمپنی کی 77 سالہ میراث کو نمایاں اور اس کی قیادت کو تقویت دیتے ہیں۔ وہ ہمارے کارپوریٹ سلوگن ۔ بنیاد اعتماد کی ۔ کی عکاسی کرتے ہیں جس میں ہماری مشترکہ اقدار اور ہماری ثقافت سے گہری وابستگی ظاہر ہوتی ہے۔

عالمی معاشی منظرنامہ میں شدید تغیر پذیری رہی جو کہ امریکہ کی جانب سے اہم تجارتی پارٹنرز بشمول چین، یورپین یونین، انڈیا اور دیگر ممالک پر ٹریڈ ٹیرف نافذ ہونے کی وجہ سے بڑھ گئی۔ ان تبدیلیوں نے عالمی سطح پر افراط زر کا دباؤ اور بڑی معیشتوں میں شرح سود میں کمی کے امکانات کم کر دیئے۔ اس کے ساتھ ساتھ امریکہ میں اسٹیل کی درآمد پر 50% ٹیرف کے نفاذ کے علاوہ دوسرے خطوں میں تحفظ کے اقدامات نے نمایاں طور پر عالمی سطح پر قیمتوں اور سپلائی چینز میں رکاوٹیں پیدا کر دیں۔

قومی سطح پر، پاکستان کی معیشت میں استحکام کے آثار نظر آنے لگے جو ابتدائی طور پر IMF کے توسیعی فنڈ کی سہولت (EFF) کے نافذ ہونے اور متواتر جائزوں کے مکمل ہونے کے سبب ظاہر ہوئے۔ افراط زر کی شرح اعتدال کے ساتھ 4.6% سالانہ تک پہنچ گئی جس سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کو پالیسی ریٹ 11% تک کم کرنے کا موقع ملا۔ زرمبادلہ کی شرح نسبتاً 248/USD روپے تک مستحکم رہی جس کی وجہ سے روزمرہ کی قیمتوں میں کمی اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری میں مدد ملی۔ کرنٹ اکاؤنٹ 1.9 بلین یو ایس ڈالر سرپلس کی حد تک پہنچ گیا جو حالیہ برسوں میں بلند ترین ہے جس کی وجہ ترسیلات زر کی بڑی تعداد میں وصولی اور برآمدات میں استحکام آنا ہے۔ معیشت میں 2.68% کا خاطر خواہ اضافہ ہو، اگرچہ بڑے پیمانے کی مینوفیکچرنگ دباؤ میں رہی اور اس میں 1.5% کی شرح سے کمی ہوئی۔

جس میں پورے ادارے میں احتساب اور اسٹیک ہولڈرز کے بھروسہ کا اظہار ہوتا ہے۔ سب سے اہم یہ کہ یہ تیزی سے بدلتے ہوئے کاروباری منظرنامے میں قیادت کے لئے مکمل طور پر تیار رہنے کی علامت ہیں۔

اس سلسلے میں آپ کی کمپنی نے دوسری سہ ماہی میں مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور پہلی سہ ماہی کے چیلنجز پر قابو پا لیا ہے۔ سال مختتمہ 30 جون 2025 کے لئے کمپنی نے 25.1 بلین روپے کی خالص سیلز، بعد از ٹیکس 1.1 بلین روپے منافع اور فی شیئر آمدنی (EPS) 8.37 روپے حاصل کی جبکہ اس کے مقابلے میں گزشتہ سال کی اسی مدت میں خالص سیلز 29.2 بلین روپے، بعد از ٹیکس منافع 1.47 بلین روپے تھا جس کے مطابق فی شیئر آمدنی 11.17 روپے رہی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے حتمی نقد منافع منقسمہ 4 روپے (40%) برائے 10 روپے والے فی عمومی شیئر کی سفارش کی ہے۔ (مالی سال 24: 5.50 روپے) سال کے دوران میں کمپنی اور اس کی بڑی ذیلی کمپنی انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ (ISL) نے مل کر مجموعی طور پر 85.8 بلین روپے کی آمدنی حاصل کی۔ مشترکہ طور پر قومی خزانے میں تقریباً 21.2 بلین روپے جمع کرائے۔ ISL کی مجموعی آمدنی 62.3 بلین روپے بعد از ٹیکس منافع 1.56 بلین روپے اور فی شیئر آمدنی 3.65 رہی جبکہ گزشتہ سال مجموعی آمدنی 69.3 بلین روپے، بعد از ٹیکس منافع 3.65 بلین روپے اور فی شیئر آمدنی 8.39 روپے تھی۔

## بورڈ آف ڈائریکٹرز اور مینجمنٹ میں تبدیلیاں

سال کے دوران میں جناب شعیب میر نے جناب عدنان آفریدی کے استعفے سے خالی ہونے والی جگہ پر بورڈ میں شمولیت اختیار کی۔ بورڈ جناب آفریدی کی قابل قدر خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور سراہتا ہے اور مستقبل میں ان کی کامیابیوں کیلئے دعاگو ہے۔ موجودہ بورڈ کی تین سالہ مدت 30 ستمبر 2025 کو ختم ہو رہی ہے، اس لئے آنے والے سالانہ اجلاس عام میں نئے بورڈ کا انتخاب کیا جائے گا، جو 26 ستمبر 2025 کو منعقد ہوگا۔

اس کے علاوہ جناب سہیل آر بھوجانی کی جگہ یکم اکتوبر 2024 سے یوسف ایچ مرزا کو آپ کی کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔ بورڈ جناب بھوجانی کی قیادت پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہے اور آنے والے سی ای او کیلئے اس نئے عہدے پر کامیابیوں کا خواہشمند ہے۔

## بورڈ کی کارکردگی اور گورننس

بورڈ نے اپنی ذمہ داریاں بحسن وخوبی ادا کی ہیں اور حکمت عملی کے امور کی نگرانی فراہم کر کے مضبوط گورننس کو یقینی بنایا ہے اور فعال طور پر خدشات کی نگرانی اور انتظامی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بورڈ مکمل طور پر کمپنی کے طویل المدت وژن اور حکمت عملی کی سمت کی تشکیل میں مصروف عمل رہا ہے۔

بورڈ کارپوریٹ گورننس اور شفافیت کے اعلیٰ ترین معیار کو قائم رکھنے پر بھرپور زور دیتا ہے۔

تمام ڈائریکٹرز، بشمول خودمختار ممبرز فعال طور پر بورڈ کے ساتھ مشاورت کرتے ہیں، اور معلومات کے ساتھ اور باہمی تعاون سے فیصلہ سازی میں مدد دیتے ہیں۔

چیئرمین کی حیثیت سے، میں کھلے ذہن کے ساتھ، تعمیری ڈائیلاگ اور احتساب کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہوں۔ میں اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ بورڈ کو بروقت اور جامع معلومات فراہم کی جائیں تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کیلئے موثر گورننس اور اقدار کی تخلیق میں مدد ملے۔

کمپنی کا ایک مضبوط اندرونی کنٹرول کا فریم ورک موجود ہے اور یہ خدشات پر مبنی آڈٹ کے نقطہ نظر کی پیروی کرتا ہے، جس کو ایک خودمختار اندرونی آڈٹ کے نظام کے ذریعے نگرانی کی جاتی ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی (BAC) ہر سہ ماہی میں آڈٹ کے نتائج کا جائزہ لیتی ہے اور سفارش کردہ بہتری کے امور پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بناتی ہے۔

بورڈ کی جانب سے سالانہ خود تشخیصی کی جاتی ہے، بورڈ آڈٹ کمیٹی (BAC) اور ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی (HRRC) عالمی بہترین معیار کے مطابق مسلسل ترقی کیلئے اہم ایریاز کی شناخت کرتی ہیں۔ حکمت عملی پر مبنی نمو، خدشات کی مینجمنٹ اور اداراتی ترقی وتوجہ کا مرکز بنے رہے۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی (BAC) اور ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی (HRRC) کی سربراہی بالترتیب خودمختار ڈائریکٹرز جناب جہانگیر شاہ اور جناب منصور خان کرتے ہیں اور گورننس اور نگرانی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بورڈ کی باقاعدگی کے ساتھ میٹنگز کے ساتھ آپریشنز کی کارکردگی سے متعلق سہ ماہی جائزہ اور ایک سالانہ حکمت عملی کا اجلاس اور سالانہ بجٹ کے پروسیس کی میٹنگ بھی ہوتی ہے۔

## مستقبل کا منظر نامہ

آپ کی کمپنی ترقی اور تنوع کیلیئے پرعزم ہے اور اس نے سال کے دوران میں حکمت عملی کے کئی اقدامات کیئے ہیں۔

- چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی ہے اور پاکستان کے مائننگ پروجیکٹس میں سے ایک پروجیکٹ ریکوڈک کی ڈیولپمنٹ میں شرکت کیلیئے براہ راست اور بالواسطہ (بذریعہ ISL) %34 کی حصہ داری کی ہے۔
- متنوع صنعتی شعبہ جات میں مقامی مارکیٹ کی موجودگی کو وسعت دینے کیلیئے IIL ٹریڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا افتتاح کیا، جو ایک کل ملکیتی ذیلی کمپنی ہے
- INIL یورپ لمیٹڈ کا قیام: دنیا کی سب سے زیادہ کامیاب مارکیٹس میں سے ایک یورپین یونین میں کمپنی کی موجودگی کو وسعت دینے کی غرض سے قائم کی گئی۔
- تمام تینوں مینوفیکچرنگ سائٹس پر MW 4 سولر پاور پلانٹس کی تنصیب مکمل کی گئی، جو کمپنی کی پائیدار اور صاف توانائی کے استعمال کے عزم کی تصدیق کرتی ہے۔

مالی سال 26 کے لئے %3.6 جی ڈی پی کی نمو کی پیش گوئی کی گئی ہے اور پبلک سیکٹر کی آمدنی میں %26 اضافے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔؛ معاشی سرگرمی، خاص طور پر انفرااسٹرکچر کی ترقی میں بھی اضافے کی توقع ہے۔ ان رجحانات سے اسٹیل اور متعلقہ پروڈکٹس کی طلب میں بڑے اضافے کے امکانات ہیں۔

آپ کا بورڈ اور چیئرمین مستقبل کیلیئے پرامید ہیں اور نئے ابھرتے ہوئے مواقع کے حصول کے لئے سمجھداری اور سرعت کے ساتھ پوری طرح تیار ہیں۔ ہم اپنے شیئر ہولڈرز کیلیئے دانشمندانہ مالیاتی منیجمنٹ، حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاری اور آپریشنز کی مہارت کے ساتھ طویل المدت اقدار پیش کرنے پر توجہ مرکوز کیئے ہوئے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، ایمپلائز، بینکرز، سپلائرز اور بزنس پارٹنرز کا ان کے ہم پر مسلسل اعتماد اور تعاون کیلیئے دلی طور پر ممنون ہوں۔

کمال اے چنائے
چیئرمین

کراچی
21 اگست 2025